نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا صادق آباد اور رحیم یار خان کا دروہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کاشتکاروں کو 6 ارب روپے مالیت کا باردانہ مفت فراہم کیا جا رہا ہے: سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 19 اپریل 2026 ( ) وزیرِ زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے صادق آباد اور رحیم یار خان کا دورہ کیا۔ اس موقع پر صادق آباد میں داود ڈیری فارم پر منہ کھر بیماری کے خاتمہ کے لیے کمپارٹمنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ بعدازاں بہاولپور ڈویژن میں محکمہ زراعت و لائیوسٹاک کے تحت جاری سرگرمیوں اور گندم خریداری مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں چوہدری ارتضٰی داود، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل لائیوسٹاک ڈاکٹر ندیم بدر، اسسٹنٹ کمشنر صادق آباد، عمران رسول، ڈائریکٹر زراعت توسیع محمد جمیل غوری سمیت محکمہ زراعت، لائیوسٹاک اور فوڈ کے افسران نے شرکت کی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب کے 9 لاکھ کسان کارڈ ہولڈرز میں سے 1 لاکھ 27 ہزار کاشتکاروں کا تعلق بہاولپور ڈویژن سے ہے۔ مزید بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں قائم 233 گندم خریداری مراکز میں سے 34 مراکز بہاولپور ڈویژن میں فعال ہیں، جبکہ ان مراکز پر اب تک 9 ہزار کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل کی جا چکی ہے۔

سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کاشتکاروں کو 6 ارب روپے مالیت کا باردانہ مفت فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ منہ کھر بیماری کے خاتمہ کے لیے صوبہ بھر میں قائم 8 کمپارٹمنٹس میں سے 3 رحیم یار خان میں قائم کیے گئے ہیں، جو لائیوسٹاک سیکٹر کی بہتری میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دودھ اور گوشت کی پیداوار میں اضافہ اور ویلیو ایڈیشن کے فروغ کے لیے پرائیویٹ سیکٹر کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ مزید برآں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق آم، کنو اور آلو کی ویلیو ایڈیشن کے لیے بھی پرائیویٹ سیکٹر کو خصوصی پیکج دیا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆